Urdu - April

خود بھی بحفاظت
گھر پہنچیں

ورکرز کی انشورنس

اگر آپ ڈیلیوری کرتے ہوئے حادثے کا شکار ہو جائیں تو کیا آپ کے پاس انشورنس ہے؟

- انشورنس اس صورت میں تحفظ مہیا کرتی ہے کہ آپ کام پر شدید زخمی یا بدقسمتی سے ہلاک ہو جائیں۔
- انشورنس کی قسم کے لحاظ سے ممکن ہے کہ آپ کو طبی اخراجات، آمدن کے حرج اور دوبارہ کام پر واپسی کے لیے بحالی میں مدد کی خاطر رقم ملے۔

اگر میں کام پر حادثے کا شکار ہو جاؤں تو کن قسموں کی انشورنس دستیاب ہے؟

انشورنس کی مختلف قسمیں ہیں جو کام پر آپ کے زخمی یا بدقسمتی سے ہلاک ہو جانے کی صورت میں آپ یا آپ کے خاندان کو مالی مدد اور سہارا دے سکتی ہیں:

- ورکرز کی انشورنس
- ذاتی حادثے کی انشورنس یا آمدن کے تحفظ کی انشورنس
- لائف انشورنس

ورکرز کی انشورنس

- ورکرز کی انشورنس (Workers' compensation) آجر ادا کرتے ہیں تاکہ اگر ان کے ورکر کام پر زخمی یا بدقسمتی سے ہلاک ہو جائیں تو انہیں مالی تحفظ حاصل ہو۔
- اگر آپ کا کلیم منظور ہو جائے تو آپ کو حادثے کے بعد صحتیاب ہونے کے دوران آمدن کے حرج، طبی اخراجات، ہسپتال کے اخراجات یا بحالی کے اخراجات جیسی چیزوں کے لیے ادائیگیاں مل سکتی ہیں۔
- آسٹریلیا میں خودمختار کانٹریکٹرز (سیلف ایمپلائڈ) کو بالعموم ورکرز کی انشورنس حاصل نہیں ہوتی۔
- اکثر فوڈ ڈیلیوری ورکرز کو خودمختار کانٹریکٹرز (سیلف ایمپلائڈ) تصور کیا جاتا ہے اور انہیں پلیٹ فارمز کے ملازم تصور نہیں کیا جاتا۔ اگر آپ ٹھیک سے نہ جانتے ہوں تو آپ کو اپنے پلیٹ فارم سے رابطہ کرنا چاہیے اور کہنا چاہیے کہ وہ تحریری طور پر آپ کی ملازمت کی نوعیت کی تصدیق کریں۔

سب سے قیمتی پیکیج آپ ہیں، یہاں کام پر محفوظ رہنے کے متعلق معلومات حاصل کریں:
SWA.GOV.AU/DELIVERSAFELY

safe work australia

ذاتی حادثے کی انشورنس یا آمدن کے تحفظ کی انشورنس

- کچھ ڈیلیوری پلیٹ فارمز سائن اپ کے وقت آپ کو ذاتی حادثے کی انشورنس یا آمدن کے تحفظ کی انشورنس کی پیشکش کرتے ہیں۔
- اس قسم کی انشورنس اس صورت میں طبی اخراجات اور آمدن کے حرج کے لیے رقم دے سکتی ہے کہ آپ اس پلیٹ فارم کے لیے ڈیلیوری کرتے ہوئے زخمی ہو جائیں۔

اگر مجھے کام دینے والا پلیٹ فارم انشورنس کور نہ فراہم کرتا ہو تو؟

- اگر آپ کا پلیٹ فارم آپ کو ورکرز کی انشورنس یا کسی اور قسم کی انشورنس کا تحفظ نہیں دلاتا تو آپ کو خود اپنے لیے ذاتی حادثے کی انشورنس، آمدن کے تحفظ کی انشورنس یا لائف انشورنس خریدنے پر غور کرنا چاہیے۔

مجھے کیسے پتہ چلے گا کہ مجھے انشورنس حاصل ہے یا نہیں؟

- ہمارا مشورہ ہے کہ آپ جس پلیٹ فارم کے لیے کام کرتے ہیں، اس سے پتہ کریں کہ کیا وہ ذاتی حادثے کی انشورنس فراہم کرتا ہے اور یہ انشورنس کس قسم کی ادائیگیاں کرتی ہے۔
- آپ اپنی سٹیٹ یا ٹیریٹری میں ورکرز کی انشورنس کی اتھارٹی سے بھی رابطہ کر کے پتہ کر سکتے ہیں کہ آیا آپ ورکرز کی انشورنس کے لیے اہل ہیں۔

یہ مواد ورکرز کی انشورنس کے متعلق معلومات تک عوام کی رسائی بہتر بنانے کے مقصد سے فراہم کیا گیا ہے اور یہ قانونی مشورے کے طور پر پیش نہیں کیا جا رہا ہے اور نہ ہی یہ ورکرز کی انشورنس کے قوانین کے تقاضوں کی جگہ لیتا ہے۔

اپنے علاقے میں ورکرز کی انشورنس کی اتھارٹی تلاش کریں

ورکرز کی انشورنس کے متعلق مزید معلومات